سوال

(142) زندگی 'گاڑی اور زمینوں کی انشورنس کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(SaveLife) زندگی 'گاڑی اور زمینوں کی انشورنس کا کیا حکم ہے؟ کیا کوئی اسلامی انشورنس ہے؟ (فتاویٰ الامارات: 110)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معروف جو حفاظتی اقدام ہے کہ سامان گاڑیاں اور جائیدادیں یا زندگی محفوظ کرنے کے لیے کرے اور یہ عقیدہ رکھے پختہ کہ یہ جائز ہے تو یقیناً یہ کام جوے کی ایک قسم بنتا ہے کہ جس جوا سے قرآن مجید روکتا ہے اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں منع ہے کہ جس طرح یہ بعض اسلامی ممالک میں چل رہا ہے لیکن یہ جوئے کی قسم کی ہے۔

لیکن اسلامی انشورنس کا کوئی تصور نہیں ہے کہ جس طرح کا انشورنس آج کل معروف ہے لیکن یہ ہے کہ محفوظ رکھنے والے اور رکھوانے والے کے لیے فائدہ ہوسکتا ہے۔

مثلاً: کوئی شخص اپنے گھر اور اپنے زمین کی حفاظت کے لیے کوئی چوکیدار رکھے اور جتنے پر وہ راضی ہوا سے اتنی اجرت دے تو یہ معاملہ جائز ہے لیکن جو آج کل سیف لائف ہے۔ یہ صرف جُوا ہے لیکن آج کل جو انشورنس کرواتے ہیں یہ اسلام میں جائز نہیں ہے کیونکہ یہ جوئے کی قسم ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

معاملات کا بیان صفحہ: 230

محدث فتویٰ